اے میرے بھائی / میری بہن
اے اللہ عزوجل سے ڈرنے والے

اللہ کی نافرمانی کرنے سے پہلے یاد کرلو: اللہ تعالیٰ تمھیں دیکھ رہا ہے' اور جو کچھ تم خفیہ یا علانیہ کرتے ہو اسے جانتا ہے۔ ''وہ آنکھوں کی خیانت بھی جانتا ہے اور سینوں میں جو کچھ چھپا ہے' وہ بھی''۔ (المؤمن ۴۰:۱۹)

اللہ کی نافرمانی کرنے سے پہلے یاد کرلو: فرشتے تمھارے کُل اقوال و اعمال سے واقف ہیں اور انھیں تمھارے نامۂ اعمال میں لکھتے ہیں۔ ''کوئی لفظ اس کی زبان سے نہیں نکلتا جسے محفوظ کرنے کے لیے ایک حاضر باش نگراں موجود نہ ہو''۔ (قٓ ۵۰:۱۸)

اللہ کی نافرمانی کرنے سے پہلے یاد کرلو: قبر کو' اس کے عذاب کو اور اس کے اندھیرے کو' پھر وہ جنت کا ایک باغیچہ ہوگا' یا آگ کا ایک گڑھا۔ پھر اس وقت نہ تم پر باپ شفقت کرے گا اور نہ ماں رحم کرے گی۔

اللہ کی نافرمانی کرنے سے پہلے یاد کرلو: اس دن کو جب سورج سروں کے عین اوپر ہوگا (بالکل قریب ہوگا) اور لوگ اپنے اعمال کے بقدر پسینے میں ڈوبے ہوئے ہوں گے۔ بعض ٹخنوں تک' بعض گھٹنوں تک اور بعض حلق تک ڈوبے ہوں گے اور بعض لوگوں کو تو پسینے نے لگام دے رکھی ہوگی۔ (العیاذ باللہ)

اللہ کی نافرمانی کرنے سے پہلے یاد کرلو: تم نے جو کچھ بھی نیکی یا برائی کی ہے' اس پر تمھارے اعضا گواہی دیں گے۔ ''پھر جب سب وہاں پہنچ جائیں گے تو ان کے کان اور ان کی آنکھیں اور ان کے جسم کی کھالیں ان پر گواہی دیں گی کہ وہ دنیا میں کیا کچھ کرتے رہے ہیں''۔ (حم السجدة ۴۱:۲۰)

اللہ کی نافرمانی کرنے سے پہلے یاد کرلو: اس دن کو جب مجرمین کہیں گے: ''ہائے ہماری کم بختی' یہ کیسی کتاب ہے کہ ہماری کوئی چھوٹی بڑی حرکت ایسی نہیں جو اس میں درج نہ کی گئی ہو۔ جو کچھ انھوں نے کیا تھا وہ سب اپنے سامنے حاضر پائیں گے اور تیرا رب کسی پر ذرا ظلم نہ کرے گا''۔ (الکہف ۱۸:۴۹)

(خیر خواہ)